# کیا اپنی زبان میں مدد درکار ہے؟


میئر آفس برائے کانٹریکٹ سروسز (MOCS, Mayor's Office of Contract Services) خدماتی ڈیسک کے ذریعے **زبان کی معاونت** کی پیشکش کرتا ہے۔ MOCS خدماتی ڈیسک پاسپورٹ، HHS ایکسیلریٹر اور غیر منافع بخش تنظیموں کی معاونت کرتا ہے۔

میئر آفس برائے کانٹریکٹ سروسز (MOCS) زبان تک رسائی کی درج ذیل خدمات کی پیشکش کرتا ہے:
**(1) MOCS ویب سائٹ کا ترجمہ کریں** اور **(2) فون پر مترجم کی خدمات حاصل کرنے کی درخواست دیں۔**


## 1. MOCS ویب سائٹ کا ترجمہ کرنے کا طریقہ

Google Chrome ویب براؤزر کے لیے احسن کردہ، Google ٹرانسلیٹ کے ذریعے ویب سائٹ ترجمے کی پیشکش کی جاتی ہے۔ ترجمہ کرنے کا یہ ٹول شائع کردہ انگریزی کے متن اور**Contact MOCS (MOCS سے رابطہ کریں)** فارم کا ترجمہ تو کرتا ہے، مگر یہ اس متن کا ترجمہ نہیں کرتا جو کہ کسی تصویر کا حصہ ہو۔ MOCS ویب سائٹ کی ترجمہ کرنے کی خصوصیت فعال کرنے کے لیے، ذیل میں موجود مراحل پر عمل کریں:


1. www.nyc.gov/mocs پر MOCS ویب سائٹ پر جائیں۔
2. صفحے کے بالائی دائیں کونے میں موجود **Translate (ترجمہ کریں)** کی خصوصیت پر کلک کریں۔



3. اپنی پسند کی زبان منتخب کرنے کے لیے کسی بھی ہائپر لنک پر کلک کریں۔




4. اب ویب سائٹ پر موجود تمام مشمولات آپ کی جانب سے منتخب کردہ زبان میں ظاہر ہوں گے۔ اس مثال میں، ہسپانوی زبان کو منتخب کیا گیا تھا۔ اسے واپس انگریزی زبان میں تبدیل کرنے کے لیے، 1 اور 2 مراحل کو دہرائیں اور **انگریزی** کا انتخاب کریں۔




## 2. فون پر مترجم کی درخواست دینے کا طریقہ

اگر آپ کو مدد درکار ہے اور اپنی ترجیحی زبان میں MOCS کے خدماتی ڈیسک سے گفتگو کرنے کے خواہشمند ہیں، تو آپ پیشہ ور فون مترجم کی خدمات حاصل کرنے کے لیے MOCS کے خدماتی ڈیسک کو ایک درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

فون پر مترجم سے معاونت حاصل کرنے کی درخواست دینے کے لیے، ذیل میں موجود مراحل پر عمل کریں:

1. www.nyc.gov/mocs پر MOCS ویب سائٹ پر جائیں۔


2. صفحے میں اوپر کی جانب موجود **Translate (ترجمہ کریں)** کی خصوصیت پر کلک کریں۔





3. اپنی پسند کی زبان منتخب کرنے کے لیے کسی بھی ہائپر لنک پر کلک کریں۔




4. اب ویب سائٹ کے تمام مشمولات آپ کی جانب سے منتخب کردہ زبان میں ظاہر ہوں گے۔ اس مثال میں، ہسپانوی زبان کو منتخب کیا گیا تھا۔ صفحے کے ذیلی دائیں جانب موجود فلوٹ کرتا، نیلا **Contact MOCS (MOCS سے رابطہ کریں)** کا بٹن تلاش کریں۔ **MOCS سے رابطہ کریں** پر کلک کریں۔ اس مثال میں، بٹن پر **Contacto MOCS** لکھا ہے کیونکہ ویب سائٹ نے خود کار طور پر بٹن لیبل کا ہسپانوی زبان میں ترجمہ کیا۔




5. **MOCS سے رابطہ کریں** کا فارم کھل جائے گا۔ فارم کی فیلڈز کو اپنی رابطہ معلومات کے ساتھ پُر کریں اور نشاندہی کریں کہ آپ کس تنظیم سے منسلک ہیں۔



تمام درکار فیلڈز پُر کریں۔ **آپ کا سوال کس حوالے سے ہے؟** براہِ کرم ڈراپ ڈاؤن مینو سے منتخب کریں اور **سوال/سوال کے خلاصے** کی فیلڈ میں، **"[اپنی زبان] میں مدد درکار ہے"** لکھیں۔ اس مثال میں، ہم ہسپانوی زبان میں مدد کی درخواست دیتے ہیں۔




6. فارم کا ذیلی حصہ دیکھنے کے لیے اسکرول بار کا استعمال کریں۔




7. ٹیکسٹ باکس میں **ذیل میں اپنے خدشات کی وضاحت کریں (براہِ کرم تخصیص سے کام لیں)**، MOCS کے ساتھ وہ تفصیلات شیئر کریں جن کے بارے میں آپ کو معاونت درکار ہے تاکہ MOCS فون کال سے قبل پیشگی ترجمانی کے مشمولات کے ساتھ مترجم کی خدمت تیار کر سکے۔

8. اختیاری: اپنے تشویش کے موضوع کے حوالے سے مزید تفصیلات فراہم کرنے کی خاطر ایک تصویری فائل جمع کرنے کے لیے **فائل منتخب** کریں پر کلک کریں۔ MOCS خدماتی ڈیسک تک تفصیلی معلومات پہنچانے کے لیے اسکرین شاٹس بہترین ذریعہ ہیں۔

9. **اپنے رابطے کی ای میل** فیلڈ میں اپنا ای میل ایڈریس درج کریں۔

10. زبان کی معاونت کے حوالے سے MOCS خدماتی ڈیسک کو اپنی درخواست مکمل کرنے کے لیے **بھیجیں** پر کلک کریں۔

MOCS خدماتی ڈیسک کا ایک ٹیم ممبر فون پر مترجم کی خدمات حاصل کرنے کے حوالے سے کال شیڈول کرنے کے لیے آپ کی جانب سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر رابطہ کرے گا۔